# GRADE VIII MODEL PAPER 2017
# ISLAMIAT

## MCQs Paper Key

| S. No | Key | S. No. | Key |
|---|---|---|---|
| 1 | C | 21 | D |
| 2 | C | 22 | B |
| 3 | A | 23 | C |
| 4 | B | 24 | C |
| 5 | C | 25 | A |
| 6 | C | 26 | D |
| 7 | A | 27 | B |
| 8 | B | 28 | B |
| 9 | B | 29 | D |
| 10 | B | 30 | C |
| 11 | C | 31 | A |
| 12 | B | 32 | C |
| 13 | D | 33 | A |
| 14 | A | 34 | B |
| 15 | B | 35 | D |
| 16 | C | 36 | C |
| 17 | D | 37 | D |
| 18 | A | 38 | A |
| 19 | B | 39 | B |
| 20 | C | 40 | B |

# ISLAMIAT

## CRQ/ERQ Paper Marking Scheme

## CRQs

| سوال نمبر 1 (i) | 1 نمبر |
|---|---|

میدان حشر میں اللہ تعالیٰ کے حضور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا حساب و کتاب ہو گا۔

Possible answers:

اعمال

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| سوال نمبر 1(ii) | 1 نمبر |
|---|---|

ایک حدیث قدسی کے مطابق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میرے لئے ہے اور میں ہی اسکا بدلہ دونگا۔

Possible answers:

روزہ

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| سوال نمبر 1(iii) : | 1 نمبر |
|---|---|

ہمیں چاہیئے کہ نبی کریم ﷺ کے اخلاق حسنہ کی روشنی میں اپنی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ گزاریں۔

Possible answers:

زندگی / زندگیاں/عمر / حیات

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| سوال نمبر 1(iv) | 1 نمبر |
|---|---|

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے! ”اے مومنو! اللہ تعالیٰ سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور سیدھی بات کہو۔ “

Possible answers:

ڈرو

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(v) | 1نمبر |

نیکی کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دینااور برائی سے روکنا امت مسلمہ کا فریضہ ہے۔

Possible answers:

حکم/ پیغام

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(vi) | 1نمبر |

بہترین کمائی وہ ہے جو انسان اپنے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے کما کر حاصل کرتا ہے۔

Possible answers:

ہاتھ/ ہاتھوں

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(vii) | 1نمبر |

سب سے افضل انسان وہ ہے جو دوسروں کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔ ہو۔

Possible answers:

فائدہ مند

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(viii) | 1نمبر |

ایک قرآنی آیت کے مطابق دین میں کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں ہے۔

Possible answers:

جبر

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(ix) | 1نمبر |

سیدہ فاطمہؓ جنت میں عورتوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوں گی۔

Possible answers:

سردار

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر1(x) | 1نمبر |

حضرت شاہ ولی اللہؒ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مدرسہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں بطور استاد مقرر ہوئے۔

Possible answers:

رحیمیہ

Checking hints:

درست لفظ لکھنے پر ایک نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر:2 | 3نمبر |

اردو میں ترجمہ کریں۔

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ {1} وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ {2} الَّذِي أَنقَضَ ظَهْرَكَ {3}

Possible answers:

ترجمہ: (اے محمد ﷺ) کیا ہم نے تمھارا سینہ کھول نہیں دیا اور تم پر سے بوجھ بھی اتار دیا، جس نے تمھاری پیٹھ توڑ رکھی تھی۔

Checking hints:

| | |
|---|---|
| پہلی آیت کا ترجمہ لکھنے پر | ایک نمبر |
| دوسری آیت کا ترجمہ لکھنے کا | ایک نمبر |
| تیسری آیت کا ترجمہ لکھنے کا | ایک نمبر |
| ٹوٹل: | 3نمبر |

| | |
|---|---|
| سوال نمبر3: | 3نمبر |

انسان کو نیکی اور بدی کی راہیں دکھا کر آزاد کیوں چھوڑ دیا گیا ہے؟ مختصراً وضاحت کریں۔

Possible answers:

انسان کو نیکی اور بدی کی راہیں دکھا کر آزمائش کے لئے آزاد چھوڑ دیا گیا ہے۔
نیکی کی راہ اختیار کرنے پر جنت کی جزا دی جائے گی۔
برائی کی راہ اختیار کرنے پر جہنم کی سزا دی جائے گی۔

Checking hints:

'آزمائش کے لئے' لکھنے کا ایک نمبر
نیکی کی راہ اختیار کرنے پر جنت کی جزا لکھنے کا ایک نمبر
برائی کی راہ اختیار کرنے پر جہنم کی سزا لکھنے کا ایک نمبر
ٹوٹل: 3نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر4: | 3نمبر |

روزے کے تین معاشرتی اثرات لکھیں۔

Possible answers:

روزے کے معاشرتی اثرات:
(ا) رمضان کے روزے رکھنے سے نیکی، رواداری اور باہمی محبت پیدا ہوتی ہے۔
(ب) ایک ہی مہینے میں اکٹھے روزے رکھنے سے اجتماعیت پیدا ہوتی ہے۔
(ج) روزے سے اخلاقی تربیت ہوتی ہے کیونکہ روزہ دار خود غرضی، جھوٹ اور غصے سے اپنے آپ کو بچاتا ہے۔
(د) غریبوں کے لیے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
کئی اور ممکنہ جوابات بھی ہو سکتے ہیں۔

Checking hints:

ہر معاشرتی اثر لکھنے کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)
ٹوٹل: 3نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر5: | 3نمبر |

عدل کااور احسان کا مفہوم تحریر کریں۔

عدل واحسان کے بارے میں قرآن مجید کی کسی ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

Possible answers:

عدل کا مفہوم: عدل کا مفہوم ہے کسی حقدار کو اسکا پورا پورا حق دینا۔

احسان کا مفہوم: کسی کو اسکے حق سے زائد دینا یا برائی کے مقابلے میں کسی کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا احسان کہلاتا ہے۔

عدل واحسان کے بارے میں قرآنی آیات کا ترجمہ:

(ا) یقیناً اللہ تعالیٰ عدل واحسان کا حکم دیتا ہے۔

(ب) یقیناً اللہ تعالیٰ عدل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

(اسی طرح دوسری متعلقہ آیات کا ترجمہ ہو سکتا ہے۔)

Checking hints:

| | |
|---|---|
| عدل کا مفہوم لکھنے کا | ایک نمبر |
| احسان کا مفہوم لکھنے کا | ایک نمبر |
| عدل واحسان کے بارے میں کسی ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھنے کا | ایک نمبر |

ٹوٹل: 3نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر6: | 3نمبر |

جوامع الکلم سے کیا مراد ہے؟ جوامع الکلم میں سے دو احادیث کا ترجمہ لکھیں۔

Possible answers:

جوامع الکلم کا مطلب ہے نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کا چند الفاظ میں وسیع معانی بیان کرنا۔ گویا نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم دریا کو کوزے میں بند فرماتے تھے۔

جوامع الکلم کی مثالیں۔

(ا) اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

(ب) بے شک سچ بولنا اطمینان کا ذریعہ اور جھوٹ بولنا پریشانی کا سبب ہے۔

(ج) دین خیر خواہی کا نام ہے۔

(د) بے شک سچائی نجات دیتی ہے اور جھوٹ ہلاک کر دیتی ہے۔

(ان کے علاوہ دوسرے جوامع الکلم بھی لکھے جا سکتے ہیں۔)

Checking hints:

| | | |
|---|---|---|
| جوامع الکلم کا مطلب لکھنے کا | ایک نمبر | |
| جوامع الکلم میں سے ہر حدیث لکھنے کا | ایک نمبر | (2 مطلوب ہیں) |

ٹوٹل: 3نمبر

| سوال نمبر7: | 3نمبر |
|---|---|

اسلام میں بیوہ عورتوں کو دیئے جانے والے حقوق میں سے تین کا تذکرہ کریں۔

Possible answers:

ا۔بیوہ عورتوں کے لا محدود سوگ کو محدود کر کے چار مہینے دس دن کر دیا۔

ب۔شوہر کے ترکہ میں اسکا حصّہ مقرر کر دیا۔

ج۔بیوہ عورتوں کو دوسری شادی کی آزادی دی۔

د۔بیوہ عورتوں کی خدمت کو جہاد قرار دیا۔

ہ۔شوہر کی چِتّا کے ساتھ جلا کر مروانے کی رسم کو ختم کر کے اسے زندہ رہنے کا حق دیا۔

Checking hints:

ہر حق لکھنے پر ایک نمبر (3مطلوب ہیں)

ٹوٹل :3نمبر

| سوال نمبر8 | 3 نمبر |
|---|---|
| کاروبار میں دیانتداری کے کوئی تین فوائد لکھیں۔ | |
| Possible answers: | |
| ا۔کاروبار میں دیانتداری رضاءالٰہی کاذریعہ ہے۔<br>ب۔دیانتداری سے کمایا گیا رزق حلال روزی کمانے کے ذرائع میں اضافہ کرتا ہے۔<br>ج۔امانتداری سے کی گئی تجارت اور کاروبار سے معاشی ترقی ممکن ہوتی ہے۔<br>د۔دیانتداری سے کئے جانیوالے کاروبار سے معاشرتی امن کو فروغ ملتا ہے کیونکہ ہر شخص دوسروں کے اموال ناجائز طریقے سے نہیں کماتا۔<br>ہ۔دیانتداری سے کئے جانے والے کاروبار سے دلوں کو سکون ملتا ہے۔ (اور بھی ممکنہ جوابات ہو سکتے ہیں۔) | |
| Checking hints: | |
| ہر فائدہ لکھنے پر ایک نمبر(3مطلوب ہیں)<br>ٹوٹل: 3نمبر | |

| سوال نمبر9: | 3نمبر |
|---|---|

اتحادِ ملی سے کیا مراد ہے؟اتحادِ ملی کے بارے میں قرآن وحدیث سے کوئی ایک ایک حوالہ پیش کریں۔

Possible answers:

اتحادِ ملی سے مراد امت مسلمہ کا ایک ہونا ہے اور اسکی بنیاد اسلام کے نظریاتی بنیادوں پر استوار ہونا ہے۔

حوالے:

ا۔بلاشبہ سب مسلمان بھائی بھائی ہیں۔(آیت)

ب۔اور تم سب مل کر اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں نہ پڑو۔(آیت)

ج۔اور آپس میں اختلاف نہ کرو ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائیگی۔(آیت)
د۔تم مسلمانوں کو ایک جسد/ جسم کی طرح پاؤ گے۔(حدیث)
اسکے علاوہ اور بھی آیات اور احادیث ہو سکتے ہیں۔

Checking hints:

| | |
|---|---|
| اتحاد ملی کا مراد لکھنے پر | ایک نمبر |
| ایک آیت کا ترجمہ لکھنے پر | ایک نمبر |
| ایک حدیث لکھنے پر | ایک نمبر |

ٹوٹل: 3 نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 10 | 3 نمبر |

محمد بن قاسم کی شخصیت کے تین پہلوؤں کو تحریر کریں۔

Possible answers:

مدبر جرنیل، ذہین، منتظم، بہترین عربی شاعر، بہترین سیاستدان، شجاع، فاتح، بہترین امانتدار، بہترین حکمران

Checking hints:

ہر پہلو تحریر کرنے پر ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)
ٹوٹل: 3 نمبر

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 11: | 3 نمبر |

بو علی سینا کون تھے؟ فقہ اور کیمیا پر ان کی لکھی جانے والی کتابوں کے نام لکھیں۔

Possible answers:

بو علی سینا ایک مشہور حکیم تھے۔ علم حیاتیات اور طبیعات کے ماہر بھی تھے۔
فقہ پر لکھی جانے والی کتاب: الحاصل والمحصول
کیمیا پر لکھی جانے والی کتاب: کتاب الشفاء

Checking hints:

حکیم لکھنے پر ایک نمبر
فقہ کی کتاب کا نام لکھنے پر ایک نمبر
کیمیا کی کتاب کا نام لکھنے پر ایک نمبر
ٹوٹل: 3 نمبر

**ERQs**

| | |
|---|---|
| سوال نمبر12: | 5نمبر |

حج کے دو فرائض اور دو واجبات تحریر کریں۔حج کے عالمگیر اثرات میں سے تین کی نشاندہی کریں۔

Possible answers

حج کے فرائض:احرام باندھنا،نیت کرنا،وقوف عرفہ،طواف زیارت

حج کے واجبات: سعی کرنا،رمی کرنا،طواف وداع کرنا،بال منڈوانا،مزدلفہ میں رات کا قیام کرنا،قربانی کرنا

حج کے عالمگیر اثرات: مساوات،عربی زبان سے واقفیت،اخوت اسلامی کی عملی تربیت،بین الااقوامی تجارت،اسلامی تنظیموں کی ملاقات،شہر مکہ کی عظمت کا اظہار

Checking hints:

حج کے دو فرائض لکھنے پر ایک نمبر

حج کے دو واجبات لکھنے پر ایک نمبر

حج کا ہر عالمگیر اثر لکھنے پر ایک نمبر(3مطلوب ہیں)

ٹوٹل نمبر: 5

| | |
|---|---|
| سوال نمبر13: | 5نمبر |

شریعت کی اصطلاح میں اخلاص اور تقویٰ سے کیا مراد ہے؟تقویٰ کے بارے میں قرآن مجید سے تین حوالے پیش کریں۔

Possible answers:

اخلاص: کسی بھی نیک کام کو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے حکم کو پورا کرنے اور اسکی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے کرنا اخلاص کہلاتا ہے۔

تقویٰ: تقویٰ دل کی اس کیفیت کا نام ہے جو اللہ تعالیٰ کے ہمیشہ علیم و خبیر ہونے کا یقین پیدا کر کے دل میں خیر کی طرف رغبت اور شر سے نفرت پیدا کر دیتی ہے۔

تقویٰ کے بارے میں قرآن مجید سے حوالے:

ا۔اے مومنو اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا کہ اُس سے ڈرنے کا حق ہے۔

ب۔اے مومنو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو۔

ج۔اللہ تعالیٰ سے ڈرو جتنی تم میں استطاعت ہو۔

د۔اے مومنو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سچّوں کیساتھ ہو جاو۔(اور بھی آیات ہو سکتی ہیں۔)

Checking hints:

اخلاص سے مراد لکھنے پر ایک نمبر

تقویٰ سے مراد لکھنے پر ایک نمبر

تقویٰ کے بارے میں ہر آیت کا ترجمہ لکھنے پر ایک نمبر (3مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 5نمبر

| سوال نمبر14: | 5نمبر |
|---|---|

سورہ المطففین میں بددیانتی کرنے والوں کی کیا سزا بیان ہوئی ہے؟اسکی وجہ کیا ہے؟ بددیانتی کے تین نقصانات لکھیں۔

Possible answers:

سورہ المطففین میں بددیانتی کرنے والوں کے لئے ویل یعنی بربادی کی سزا بیان ہوئی ہے۔اس کی وجہ یہ بیان ہوئی ہے کہ وہ لوگوں سے پورا لیتے ہیں اور لوگوں کو ناپ تول میں کمی کر کے دیتے ہیں۔

نقصانات:

ا۔رزق سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔

ب۔حدیث کے مطابق اللہ تعالیٰ بددیانتی کرنے والوں سے بری الذمہ ہے۔

ج۔ دلوں کا سکون ختم ہو جاتا ہے۔

د۔معاشرتی بدامنی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔(ان کے علاوہ اور نقصانات بھی لکھے جا سکتے ہیں۔)

Checking hints:

بربادی کی سزا لکھنے کا ایک نمبر

سزا کی وجہ لکھنے کا ایک نمبر

ہر نقصان لکھنے کا ایک نمبر (3مطلوب ہیں)

ٹوٹل: 5نمبر

| سوال نمبر15: | 5نمبر |
|---|---|

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات سے پہلے سیدہ فاطمہؓ کے کان میں کیا فرمایا؟وضاحت کریں۔سیدہ فاطمہؓ کی نماز جنازہ اور دفن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Possible answers:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات سے پہلے سیدہ فاطمہؓ کی کان میں دو دفعہ سرگوشی فرمائی۔ایک مرتبہ آپؓ آبدیدہ ہوئی،دوسری مرتبہ خوش ہوئی۔حضرت عائشہؓ کے پوچھنے پر آپؓ نے وضاحت فرمائی کہ پہلی دفعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے وفات کی خبر دی جس پر میں رونے لگی۔دوسری دفعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے خوشخبری دی کہ اہل بیت میں تم ہی مجھ سے سب سے پہلے آکر ملوگی اور تم جنت میں عورتوں کی سردار ہوگی جس پر میں مسکرائی۔

آپؓ کی نماز جنازہ حضرت علیؓ نے پڑھائی اور انہیں رات کو پردہ میں دفن کیا گیا۔

Checking hints:

دو دفعہ سرگوشی لکھنے پر ایک نمبر

پہلی سرگوشی کی وضاحت پر ایک نمبر

دوسری سرگوشی کی وضاحت پر ایک نمبر

نماز جنازہ پڑھانے والے کا نام لکھنے پر ایک نمبر

رات میں دفن کرنا،لکھنے پر ایک نمبر

ٹوٹل: 5نمبر